tazkeer.org

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# چہل ربّنا

## قرآنی دعائیں

tazkeer.org

tazkeer.org

# چہلُ رَبَّنَا

## دعا کی ضرورت اور فضیلت

سیّدنا آدم علیہ السّلام کو جب خلافتِ ارضی کی ذمّہ داریوں کے ساتھ زمین پر اتارا گیا تو انسانی کوتاہیوں سے رجوع اور توبہ کرنے کے لیے طریقہ وحی کے ذریعہ بتایا گیا۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔

**فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ**

پھر آدمؑ نے اپنے رب سے چند کلمات سیکھے (اور معافی مانگی) تو اللہ نے اُن کا قصور معاف کر دیا۔

**وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ**

اور جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے رب کو پکارتا ہے اور دل سے اس کی طرف رجوع کرتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے ہاں دُعا سے زیادہ پسندیدہ کوئی چیز نہیں (ترمذی)

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا:

**اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً**

(لوگو) اپنے رب سے عاجزی اور آہستگی سے مانگو۔

جو شخص پسند کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ برے حال میں اس کی دعا قبول کرے تو اسے چاہیئے کہ وہ خوش حالی کے زمانہ میں دعا کثرت سے کیا کرے۔ (مشکوٰۃ)

tazkeer.org

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

١. رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ (البقرة ۲: ۱۲۷)

اے ہمارے پروردگار! قبول کر ہم سے، بے شک تو ہی سننے والا ہے۔

Our Lord! Accept this from us; You are All-Hearing, All-Knowing.

☆☆☆

۲. رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ص وَاَرِنَا
مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ج اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ○ (البقرة ۲:۱۲۸)

اے پروردگار! ہم کو اپنا مُسلم (مطیع فرمان) بنا، ہماری نسل سے ایک ایسی قوم اُٹھا، جو تیری مُسلم ہو، ہمیں اپنی عبادت کے طریقے بتا، اور ہماری کوتاہیوں سے درگزر فرما، تُو بڑا معاف کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے۔

Our Lord! Make us submissive to You and make out of our descendants a comminity that submits itself to You, and show us the ways of Your worship, and turn to us in mercy. You are Much-Relenting, Most Compassionate.

☆☆☆

۳. رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○
(البقرة ۲: ۲۰۱)

اے ہمارے ربّ! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی، اور آگ کے عذاب سے ہمیں بچا۔

Our Lord! grant us what is good in this world and what is good in the World to Come, and protect us from the chastisement of the Fire.

tazkeer.org

۴. رَبَّنَآ اَفۡرِغۡ عَلَيۡنَا صَبۡرًا وَّثَبِّتۡ اَقۡدَامَنَا وَانۡصُرۡنَا عَلَى الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ ۝ (البقرة ۲:۲۵۰)

اے ہمارے ربّ، ہم پر صبر کا فیضان کر، ہمارے قدم جمادے اور اِس کافر گروہ پر ہمیں فتح نصیب کر۔

Our Lord! Shower us with patience, and set our feet firm, and grant us victory over this unbelieving people.

☆☆☆

۵. رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَآ اِنۡ نَّسِيۡنَآ اَوۡ اَخۡطَاۡنَا۔ (البقرة ۲:۲۸۶)

(ایمان لانے والو، تم یوں دعا کیا کرو) اے ہمارے ربّ، ہم سے بھُول چوک میں جو قصور ہو جائیں، ان پر گرفت نہ کر۔

(Believers! Pray thus to your Lord): Our Lord! Take us not to task if we forget or commit mistake.

☆☆☆

۶. رَبَّنَا وَلَا تَحۡمِلۡ عَلَيۡنَآ اِصۡرًا كَمَا حَمَلۡتَهٗ عَلَى الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِنَا۔ (البقرة ۲:۲۸۶)

اے ہمارے مالک، ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال، جو تُو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالے تھے۔

Our Lord! Lay not on us a burden such as You laid on these gone before us.

☆☆☆

۷. رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلۡنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعۡفُ عَنَّا وقفة وَاغۡفِرۡ لَنَا وقفة وَارۡحَمۡنَا وقفة اَنۡتَ مَوۡلٰنَا فَانۡصُرۡنَا عَلَى الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ ۝ (البقرة ۲:۲۸۶)

اے پروردگار، جس بار کو اُٹھانے کی طاقت ہم میں نہیں ہے، وہ ہم پر نہ رکھ۔ ہمارے ساتھ نرمی کر، ہم سے درگزر فرما، ہم پر رحم کر، تو ہمارا مولیٰ ہے، کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد کر۔

tazkeer.org

Our Lord! Lay not on us burdens which we do not have the power to bear. And ourlook our faults, and forgive us, and have mercy upon us. You are our Guardian; so grant us victory against the unbelieving folk.

☆☆☆

٨. رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ
اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ (آل عمران ۳:۸)

اے پروردگار، جب تُو ہمیں سیدھے رستہ پر لگا چکا ہے، تو پھر کہیں ہمارے دِلوں کو کجی میں مبتلا نہ کر دیجیو۔ ہمیں اپنے خزانہ فیض سے رحمت عطا کر کہ تُو ہی فیّاضِ حقیقی ہے۔

Our Lord! Do not let our hearts swerve towards crookedness after You have guided us to the Right Way, and bestow upon us Your Mercy for You are the Munificent Giver.

☆☆☆

٩. رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ
(آل عمران ۳:۹)

اے پروردگار، تو یقیناً سب لوگوں کو ایک روز جمع کرنے والا ہے، جس کے آنے میں کوئی شبہ نہیں۔ تُو ہرگز اپنے وعدہ سے ٹلنے والا نہیں ہے۔

Our Lord! One Day You will surely gather all mankind together, a Day about (the coming of which) there is no doubt. Surely Allah never goes against His promise.

☆☆☆

١٠. رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ (آل عمران ۳:۱۶)

اے مالک، ہم ایمان لائے ہماری خطاؤں سے درگزر فرما اور ہمیں آتش دوزخ سے بچالے۔

Our Lord! We do indeed believe, so forgive us our sins and keep us safe from the chastisement of the Fire.

tazkeer.org

۱۱. رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ○
(آل عمران ۳:۵۳)

اے مالک، جو فرمان تُو نے نازل کیا ہے، ہم نے اُسے مان لیا اور رسُول کی پیروی قبول کی، ہمارا نام گواہی دینے والوں میں لکھ لے۔

Our Lord! We believe in the commandment You have revealed and we obey the Messenger; make us then, one of those who bear witness (to the Truth).

☆☆☆

۱۲. رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○
(آل عمران ۳:۱۴۷)

اے ہمارے ربّ، ہماری غلطیوں اور کوتاہیوں سے درگزر فرما، ہمارے کام میں تیرے حدود سے جو کچھ تجاوز ہو گیا ہو اُسے معاف کر دے، ہمارے قدم جما دے اور کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد کر۔

Our Lord! Forgive us our sins, and our excesses in our affairs, and set our feet firm, and succour us against those who deny the Truth.

☆☆☆

۱۳. رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ (آل عمران ۳:۱۹۱)

اے پروردگار، یہ سب کچھ تُو نے فضول اور بے مقصد نہیں بنایا ہے، تُو پاک ہے اِس سے کہ عَبَث کام کرے۔ پس ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے۔

Our Lord! You have not created this in vain. Glory to You! Save us, then, from the chastisement of the Fire.

☆☆☆

tazkeer.org

۱۴. رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنۡ تُدۡخِلِ النَّارَ فَقَدۡ اَخۡزَيۡتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيۡنَ مِنۡ اَنۡصَارٍ ۝

(آل عمران ۳: ۱۹۲)

اے ہمارے ربّ، تُو نے جسے دوزخ میں ڈالا اُسے درحقیقت بڑی ذِلّت و رسوائی میں ڈال دیا، اور پھر ایسے ظالموں کا کوئی مددگار نہ ہوگا۔

Our Lord! Whomsoever You cause to enter the Fire, him You indeed bring to disgrace, and there will be none to succour the wrong-doers.

☆☆☆

۱۵. رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعۡنَا مُنَادِيًا يُّنَادِىۡ لِلۡاِيۡمَانِ اَنۡ اٰمِنُوۡا بِرَبِّكُمۡ فَاٰمَنَّا ۝

(آل عمران ۳: ۱۹۳)

اے ہمارے مالک، ہم نے ایک پکارنے والے کو سنا جو ایمان کی طرف بُلاتا تھا اور کہتا تھا کہ اپنے ربّ کو مانو۔ ہم نے اس کی دعوت قبول کرلی۔

Our Lord! We indeed heard a crier calling to the faith, saying: "Believe in your Lord"; so we did believe.

☆☆☆

۱۶. رَبَّنَا فَاغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوۡبَنَا وَكَفِّرۡ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الۡاَبۡرَارِ ۝

(آل عمران ۳: ۱۹۳)

اے ہمارے آقا، جو قصور ہم سے ہوئے ہیں ان سے درگزر فرما، جو برائیاں ہم میں ہیں اُنھیں دور کردے اور ہمارا خاتمہ نیک لوگوں کے ساتھ کر۔

Our Lord! Forgive us our sins, and wipe out our evil deeds and make us die with the truly pious.

☆☆☆

۱۷. رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدۡتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخۡزِنَا يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا

tazkeer.org

تُخۡلِفُ الۡمِيۡعَادَ ○ (آل عمران ۳:۱۹۴)

اے خداوند، جو وعدے تُو نے اپنے رسولوں کے ذریعہ سے کیے ہیں اُن کو ہمارے ساتھ پورا کر اور قیامت کے دن ہمیں رسوائی میں نہ ڈال، بے شک تو اپنے وعدے کے خلاف کرنے والا نہیں ہے۔

Our Lord! Fulfill what You promised to us through Your Messengers, and disgrace us not on the Day of Resurrection; indeed You never go back on Your promise.

☆☆☆

۱۸. رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكۡتُبۡنَا مَعَ الشّٰهِدِيۡنَ ○ (المآئدہ ۵:۸۳)

اے پروردگار! ہم ایمان لائے، ہمارا نام گواہی دینے والوں میں لکھ لے۔

Our Lord! We do believe; write us down, therefore, with those who bear witness (to the Truth).

☆☆☆

۱۹. رَبَّنَآ اَنۡزِلۡ عَلَيۡنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوۡنُ لَنَا عِيۡدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا
وَاٰيَةً مِّنۡكَ ۚ وَارۡزُقۡنَا وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰزِقِيۡنَ ○ (المآئدہ ۵:۱۱۴)

ہمارے ربّ، ہم پر آسمان سے ایک خوان نازل کر جو ہمارے لیے اور ہمارے اگلوں پچھلوں کے لیے خوشی کا موقع قرار پائے اور تیری طرف سے ایک نشانی ہو، ہم کو رزق دے اور تو بہترین رازق ہے۔

Our Lord! send down to us a repast from the heavens that shall be a festival for the first of us and for the last of us and a Sign from You. And provide us with sustenance for You are the Best Provider of sustenance.

☆☆☆

tazkeer.org

۲۰. رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنفُسَنَا سکتة وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ٥ (الاعراف ۷:۲۳)

اے ربّ، ہم نے اپنے اوپر ستم کیا، اب اگر تُو نے ہم سے درگزر نہ فرمایا اور رحم نہ کیا تو یقیناً ہم تباہ ہو جائیں گے۔

Our Lord! We have wronged ourselves. If You do not forgive us and do not have mercy on us, we shall surely be among the losers.

☆☆☆

۲۱. رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ٥ (الاعراف ۷:۴۷)

اے ربّ، ہمیں اِن ظالم لوگوں میں شامل نہ کیجیو۔

Our Lord! Do not cast us with the wrong-doing people.

☆☆☆

۲۲. رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ٥ (الاعراف ۷:۸۹)

اے ہمارے ربّ، ہم میں اور ہماری قوم کے درمیان ٹھیک ٹھیک فیصلہ کر دے اور تو بہترین فیصلہ کرنے والا ہے۔

Our Lord! Judge rightly between us and our people, for You are the best of those who judge.

☆☆☆

۲۳. رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ٥ (الاعراف ۷:۱۲۶)

اے ربّ، ہم پر صبر کا فیضان کر اور ہمیں دنیا سے اُٹھا تو اس حال میں کہ ہم تیرے فرماں بردار ہوں۔

tazkeer.org

Our Lord! Shower us with perseverance and cause us to die as those who have submitted (to You)

☆☆☆

۲۴. رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ٥ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ
الْكٰفِرِيْنَ ٥ (سورة یونس ۱۰ : ۸۶،۸۵)

اے ہمارے ربّ، ہمیں ظالم لوگوں کے لیے فتنہ نہ بنا اور اپنی رحمت سے ہم کو کافروں سے نجات دے۔

Our Lord! Do not make us a trial for the oppressors, and deliver us, through Your Mercy, from the unbelievers.

☆☆☆

۲۵. رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ؕ وَمَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ
فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ٥ (سورة ابراهيم ۱۴ : ۳۸)

اے پروردگار، تُو جانتا ہے جو کچھ ہم چھپاتے ہیں اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں۔ اور واقعی اللہ سے کچھ بھی چھپا ہوا نہیں ہے نہ زمین میں نہ آسمانوں میں۔

Our Lord! Surely You know all that we conceal and all that we reveal, and nothing in the earth or in the heaven is hidden from Allah.

☆☆☆

۲۶. رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ٥ (سورة ابراهيم ۱۴ : ۴۰)

اے پروردگار، میری دُعا قبول کر۔

Our Lord! Do accept this prayer of mine.

☆☆☆

tazkeer.org

۲۷. رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ٥
(سورۃ ابراھیم ۱۴ : ۴۱)

اے پروردگار، مجھے اور میرے والدین کو اور سب ایمان لانے والوں کو اس دن معاف کر دیجیو جب کہ حساب قائم ہوگا۔

Our Lord! Forgive me and my parents and the believers on the Day when the reckoning will take place.

☆☆☆

۲۸. رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ٥ (الکھف ۱۸ : ۱۰)

اے پروردگار، ہم کو اپنی رحمتِ خاص سے نواز اور ہمارا معاملہ درست کر دے۔

Our Lord! Grant us mercy from Yourself and provide for us rectitude in our affairs.

☆☆☆

۲۹. رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیْنَآ اَوْ اَنْ یَّطْغٰی ٥ (سورۃ طٰہٰ ۲۰ : ۴۵)

اے پروردگار، ہمیں اندیشہ ہے کہ وہ ہم پر زیادتی کرے گا یا پل پڑے گا۔

Our Lord! We fear he may commit excesses against us, or transgress all bounds.

☆☆☆

۳۰. رَبُّنَا الَّذِیْٓ اَعْطٰی كُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰی ٥ (سورۃ طٰہٰ ۲۰ : ۵۰)

ہمارا ربّ وہ ہے جس نے ہر چیز کو اُس کی ساخت بخشی، پھر اس کو راستہ بتایا۔

Our Lord is He Who gave everything its form and then guided it.

☆☆☆

tazkeer.org

۳۱. رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ٥ (سورۃ مومنون ۲۳: ۱۰۹)

اے ہمارے پروردگار، ہم ایمان لائے ہمیں معاف کردے، ہم پر رحم کر، تُو سب رحیموں سے اچھا ہے۔

Our Lord! we believe, so forgive us, and have mercy on us, for You are the Best of those that are merciful.

☆☆☆

۳۲. رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ٥ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ٥ (فرقان ۲۵: ۶۶،۶۵)

اے پروردگار، جہنّم کے عذاب سے ہم کو بچالے، اُس کا عذاب تو جان کو لاگو ہے، اور وہ تو بڑا ہی بُرا مستقر اور مقام ہے۔

Our Lord! Ward off from us the chastisement of Hell, for its chastisement is one that clings. Verily it is a wretched abode and resting-place.

☆☆☆

۳۳. رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ٥ (فرقان ۲۵: ۷۴)

اے ہمارے ربّ، ہمیں اپنی بیویوں اور اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک دے اور ہم کو پرہیزگاروں کا امام بنا۔

Our Lord! Grant us that our spouses and our offspring be make us the leaders of the God-fearing.

☆☆☆

tazkeer.org

۳۴. رَبَّنَا لَغَفُورٌ شَكُورٌ ۝ (فاطر ۳۵:۳۴)

ہمارا ربّ معاف فرمانے والا اور قدر فرمانے والا ہے۔

Surely our Lord is Most Forgiving, Most Appreciative.

☆☆☆

۳۵. رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝ (سورۃ مومن ۴۰:۷)

اے ہمارے ربّ، تُو اپنی رحمت اور اپنے عِلم کے ساتھ ہر چیز پر چھایا ہوا ہے، پس معاف کر دے اور عذابِ دوزخ سے بچالے اُن کو جنھوں نے توبہ کی ہے اور تیرا راستہ اختیار کرلیا ہے۔

Our Lord! You encompass everything with Your Mercy and Knowledge. So forgive those that repent and follow Your Path, and guard them against the chastisement of Hell.

☆☆☆

۳۶. رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ۨالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۙ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ؕ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ (سورۃ مومن ۴۰:۹،۸)

اے ہمارے ربّ، اور داخل کر اُن کو ہمیشہ رہنے والی اُن جنّتوں میں جن کا تُو نے اُن سے وعدہ کیا ہے اور اُن کے والدین اور بیویوں اور اولاد میں سے جو صالح ہوں (اُن کو بھی وہاں اُن کے ساتھ ہی پہنچادے) تو بلاشبہ قادرِ مطلق اور حکیم ہے۔ اور بچادے اُن کو برائیوں سے۔ جس کو تُو نے قیامت کے دن برائیوں سے بچادیا اُس پر تُو نے بڑا رحم کیا، یہی بڑی کامیابی ہے۔

tazkeer.org

Our Lord! admit them to the everlasting Gardens You have promised them and those of their fathers and spouses and progency that were righteous. Surely You alone are Most Mighty, Most Wise; and guard them against all ills. He whom You guard against ills on that Day, to him You have surely been Most Merciful. That is the great triumph.

☆☆☆

۴۷. رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ۝ (سورۃ حشر ۵۹:۱۰)

اے ہمارے ربّ، ہمیں اور ہمارے اُن سب بھائیوں کو بخش دے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں اور ہمارے دلوں میں اہلِ ایمان کے لیے کوئی بغض نہ رکھ، اے ہمارے ربّ، تُو بڑا مہربان اور رحیم ہے۔

Our Lord! forgive us and our brethren who have preceded us in faith, and do not put in our hearts any rancour towards those who believe. Lord, You are the Most Tender, the Most Compassionate.

☆☆☆

۴۸. رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ۝ (سورۃ ممتحنہ ۶۰:۴)

اے ہمارے ربّ، تیرے ہی اوپر ہم نے بھروسا کیا اور تیری ہی طرف ہم نے رجوع کر لیا اور تیرے ہی حضور ہمیں پلٹنا ہے۔

Our Lord! in You have we put our trust, and to You have we turned, and to You is our ultimate return.

☆☆☆

۴۹. رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ (سورۃ ممتحنہ ۶۰:۵)

tazkeer.org

اے ہمارے ربّ، ہمیں کافروں کے لیے فتنہ نہ بنا دے۔ اور ہمارے ربّ، ہمارے قصوروں سے درگزر فرما، بے شک تو ہی زبردست اور دانا ہے۔

Our Lord! do not make us a test for the unbelievers, and forgive us, our Lord. Surely You are Most Mighty, Most Wise.

☆☆☆

۴۰. رَبَّنَآ اَتۡمِمۡ لَنَا نُوۡرَنَا وَاغۡفِرۡ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ۝

(تحریم ۶۶:۸)

اے ہمارے ربّ، ہمارا نُور ہمارے لیے مکمل کر دے اور ہم سے درگزر فرما، بے شک تُو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

Our Lord! perfect for us our light and forgive us. Surely You have power over everything.

☆☆☆

سُبۡحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الۡعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ ۝ وَسَلَامٌ عَلَى الۡمُرۡسَلِيۡنَ ۝ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۝

(الصّٰفّٰت ۳۷:۱۸۲،۱۸۱،۱۸۰)

پاک ہے تیرا ربّ، عزت کا مالک، اُن تمام باتوں سے جو یہ لوگ بنا رہے ہیں۔
اور سلام ہے رسولوں پر اور ساری تعریف اللہ ربّ العالمین ہی کے لئے ہے۔

Exalted be your Lord, the Lord of Glory, above what they attribute to Him, and peace be upon the Messengers, and all praise be to Allah, the Lord of the Universe.

☆☆☆

tazkeer.org

## ہمارا نصب العین

اللہ اور اس کے رسول ﷺ

کے بتائے ہوئے اصولوں

کے مطابق انسانی زندگی کی تعمیر

کے ذریعے رضائے الٰہی کا حصول

(یو کے اسلامک مشن حلقہ خواتین)

**Contact:**
**179 Andereon Road Spark Brook**
**Birmingham B III ND Tel: 0121773851**

Designed & Printed by: **PROMOTION** Tel: **00923008299948**